THE CITY OF NEW YORK
MAYOR'S OFFICE OF MEDIA & ENTERTAINMENT

رہنما ہدایات برائے این وائی سی پریس کارڈ یافتگان

وقوعات کی رسائی

آپ درج ذیل وقوعات یا جگہوں میں رسائی کے لیے اپنے **اسٹینڈرڈ پریس کارڈ، ریزرو پریس کارڈ**، یا **سنگل ایونٹ پریس کارڈ** کا استعمال کرسکتے ہیں:

- شہر کی اتھارٹی کے ذریعہ کسی ایمرجنسی، اسپاٹ، یا بریکنگ نیوز ایونٹ یا غیر ہنگامی عوامی وقوعہ میں لگائی گئی پولس یا فائر لائنز، یا دیگر پابندیوں، حدبندیوں یا رکاوٹوں کو عبور کرنے کے واسطے۔
- شہر کی اتھارٹی کے زیر اہتمام ہونے والے پروگرام میں شرکت کرنے کے واسطے جس میں پریس کے اراکین کے لیے داخلہ کھلا ہوتا ہے۔

کسی مقام یا وقوعہ میں رسائی کی اجازت نیو یارک سٹی پولس ڈپارٹمنٹ کے دفتر ڈپٹی کمشنر، پبلک انفارمیشن (ڈی سی پی آئی) یا سٹی ایجنسی یا اس وقوعہ کا اہتمام کرنے والے دفتر کے ذریعہ دی جاسکتی ہے۔ **کسی مقام یا وقوعہ میں رسائی جائے وقوعہ کی گنجائش، حفاظتی خدشات اور شواہد کے تحفظ سے متعلق خدشات سے مشروط ہے۔** اس کا مطلب ہے کہ آپ کی رسائی منع کی جاسکتی ہے یا محدود کی جاسکتی ہے، بشمول یہ کہ آپ کو جرائم کی جائے وقوعہ کے اندرونی مناظر یا حفاظتی وجوہات سے منجمد کردہ علاقوں تک رسائی فراہم نہیں کی جائے گی۔

کسی مقام یا وقوہ میں رسائی کی اجازت طلب کر تے وقت اور جب آپ کو وہ رسائی دے دی گئی ہو، آپ کو تمام اوقات میں پریس کارڈ مکمل طور پر عیاں کرکے پہننا چاہیے۔ آپ کا پریس کارڈ پارکنگ پرمٹ نہیں ہے اور اس سے آپ پارکنگ کی مراعات پانے کے حقدار نہیں ہوتے ہیں۔ اپنے پریس کارڈ کو اپنی گاڑی کے ڈیش بورڈ میں مت چھوڑیں۔

پریس کارڈ کے استعمال کی رہنما ہدایات

1. **قانونی حکم۔** آپ کو خبرنویسی کے دوران کسی پولس افسر یا شہر کے دیگر افسر کی جانب سے دیے جانے والے قانونی حکم کی تعمیل کرنی ہوگی۔

2. **سرکاری کام کاج۔** آپ خبرنویسی کے دوران کسی پولس افسر یا شہر کے دیگر عہدیدار کے ذریعہ سرکاری کام کاج کی انجام دہی میں مداخلت یا مداخلت کا اقدام نہیں کرسکتے ہیں۔

3. **غلط استعمال یا غلط نمائندگی۔** آپ خبرنویسی کا کام نہ کرنے کے دوران پریس کارڈ کا استعمال یا غلط نمائندگی نہیں کرسکتے ہیں۔

4. **منتقلی یا تفویض۔** آپ اپنا اسٹینڈرڈ پریس کارڈ یا سنگل ایونٹ پریس کارڈ کسی دوسرے فرد کو منتقل یا تفویض نہیں کرسکتے ہیں۔ آپ اپنا ریزرو پریس کارڈ کسی دوسرے فرد کو منتقل یا تفویض نہیں کرسکتے ہیں الا یہ کہ آپ کی اخباری تنظیم اسے منتقل یا تفویض کرنے کی اجازت دے۔

5. **بلا وجہ خطرہ۔** آپ خبرنویسی کے دوران ایسا طرز عمل نہیں اپنا سکتے ہیں جو مخصوص افراد یا عام لوگوں کی املاک یا سلامتی یا بہبود کو بلاوجہ خطرہ لاحق ہونے کا باعث بنے۔

6. **قانون نافذ کرنے والے اداروں یا ہنگامی خدمات کے اہلکاروں کی ضروریات۔** آپ خبرنویسی کے دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں یا ہنگامی خدمات کے اہلکاروں کی سرکاری ضروریات میں مداخلت نہیں کرسکتے ہیں۔